بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شیخ الجامعہ

کراچی یونیورسٹی، کراچی

No.M-4/2003-691
Dated: 20.7.2003.

## پیغام

میرے لئے یہ امر بہت باعثِ اطمینان ہے کہ کلیہ معارف اسلامیہ کا شعبہ القرآن والسنّۃ اپنا تحقیقی مجلّہ طبع کر رہا ہے، یہ ایک اچھی ابتدا ہے اور امید ہے کہ کلیہ کے دیگر شعبہ جات بھی اس کی تقلید کریں گے۔

جامعات کا بنیادی مقصد تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیق کو پروان چڑھانا ہے الحمدللہ اس وقت تدریس و تحقیق کے میدان میں جامعہ کراچی ایک شناخت بن چکی ہے۔ اس سلسلہ میں شعبہ القرآن والسنّۃ کے تحقیقی مجلّہ احیاء العلوم کا طبع ہونا ایک انتہائی خوش آئند قدم ہے جس پر میں رئیس کلیہ، صدر شعبہ اور اساتذہ کو مبارکباد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ تحقیق کا یہ طباعتی کام تسلسل سے پیش رفت حاصل کرتا رہے گا۔

ظفر سعید سیفی

پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی